© rasailojaraid.com



مولانا محمد ابراہیم فانی

# عالم ذیشان مولانا فضل مولیٰ گئے

بیاد استاذ محترم حضرت مولانا فضل مولیٰ صاحب قدس سرہ

**نالہ ریز :** مولانا حافظ محمد ابراہیم فانی
دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

---

اس جہانِ رنگ و بو سے فاضل اعلیٰ گئے — عالم ذیشان مولانا فضل مولیٰ گئے
جامعِ منقول اور معقول صدیقی نسب — سید خیرالبشرؐ کے عاشق و شیدا گئے
انکساری اور تواضع کے تھے کامل عکس وہ — علم کی صورت مجسم زہد میں یکتا گئے
بوذر و سلماں صفت تھے سادگی میں بے مثال — شاہِ اقلیم قناعت وہ شہِ والا گئے
شاکر و صابر رہے ہر حال میں وہ خندہ رو — کس ادا سے واہ سوئے جنت ماؤیٰ گئے
پیکر تقویٰ تقدس میرے استاذ جلیل — گل ستاںِ علم و عرفان کے گل رعنا گئے
علمِ منقولات میں تھے بے گماں وہ بے نظیر — علمِ معقولات میں تھے بو علی سینا گئے
یاد آتی ہیں ادائیں ان کی معصومانہ سی — بہر تلمیذاں مثالِ شاہد زیبا گئے
وجہ تسکینِ قلوبِ طالبان علم دیں — باعثِ صد عزو نازِ ملّتِ بیضا گئے
انکی فرقت سے ہیں جاری چشم غم سے اشکِ خوں — بزمِ علمی سے ہمارے شیخ یا اللہ گئے

جن کے دم سے ہائے فانؔی زندگی پُر کیف تھی
دارِ دنیا سے وہ سوئے عالم بالا گئے

جناب شفیق الدین فاروقی

© rasailojaraid.com